BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن زہریلی گیسیں خارج نہ کرنے والی بسوں کو فروغ دے کر شمالی امریکہ کی الیکٹرک بس ٹرانزٹ کی سب سے بڑی سہولت گاہوں میں سے ایک تعمیر کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے

برامپٹن، آن (12 جون 2020) – مؤرخہ 10 جون 2020 کو برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن ٹرانزٹ کے مکمل طور پر بجلی سے چلنے والے نقل و حمل کے نظام کی دیکھ بھال اور ذخیرے کی سہولت گاہ کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے، جو سٹی آف برامپٹن کے ایک ماحول دوست شہر بننے کے عزم کو عملی جامہ پہنانے میں ایک بڑا سنگ میل ہے۔ برامپٹن ٹرانزٹ کی تیسری سہولت گاہ شمالی امریکہ میں بسوں کی سب سے بڑی نئی سہولت گاہوں میں سے ایک ہو گی، جسے مستقبل میں ایک مکمل طور پر بجلی سے چلنے والے، بلا اخراج بسوں کے بیڑے کے لیے تیار کیا جائے گا۔

اس نئی سہولت گاہ کی تعمیر کا ہدف دو مراحل میں طے کیا گیا ہے، جو 2022 میں شروع ہو گا اور مرحلہ 1 سال 2024 کے اواخر میں مکمل ہو گا۔ نئی سہولت گاہ کا مرحلہ 1 تقریبًا 250 بسوں کو ذخیرہ کرنے کے لیے متوقع ہے اور مرحلہ 2 اضافی 188 بسوں کو ذخیرہ کرنے کی گنجائش کے ساتھ متوقع ہے، جو بسوں کی کل تعداد کو 438 بنا دے گا۔ اس سہولت گاہ کی تعمیر، بشمول بجلی پر منتقل کرنے کے مکمل تقاضے، دیگر حکومتی درجوں سے فنڈنگ موصول ہونے پر منحصر ہے۔

سہولت گاہ، جو ڈیزائن کے عمل اور مطلوبہ فنڈنگ کی دستیابی پر منحصر ہے، میں درج ذیل عناصر شامل ہو سکتے، تاہم ان تک محدود نہیں:

- بلا اخراج بیٹری سے چلنے والی الیکٹرک بسوں کو ممکن بنانے کے لیے پینٹوگراف کے طرز پر اعلٰی توانائی (600kWh) والے بالائی چارجر اور/ یا رات کو چارج کرنے کے لیے لگا کر چھوڑنے کے چارجرز۔
- ایندھن کی بلا اخراج سیل والی الیکٹرک بسوں کو ممکن بنانے کے لیے مستقبل میں ہائیڈروجن کے ذخیرے کے ٹینکوں اور/ یا ہائیڈروجن پیدا کرنے والے آلات پر غور۔
- جائے کار پر توانائی کے ذخیرے کی گنجائش، تاکہ توانائی کی بہترین بچت کی جا سکے، بشمول پیک شیونگ اور اسمارٹ گرڈ منیجمنٹ۔
- فلیٹ کو چارج کرنے کے لیے توانائی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے ذیلی اسٹیشن (مثلًا 20 میگا واٹ)
- اعلٰی وولٹیج والے نظاموں کی مرمت کے لیے سہولت گاہ کے دیکھ بھال والے حصے میں وقف شدہ جگہیں اور ایک مکمل طور پر بجلی سے چلنے والے بس فلیٹ کو ممکن بنانے کے لیے مرمت کے خصوصی آلات اور ٹولز۔

اس سہولت گاہ کے مرحلہ 1 میں بجلی کے نظام لگانے کے لیے آرڈر دینے کے زیادہ سے زیادہ اخراجات کا تخمینہ $150-$120 ملین ہے۔ اس میں ایک مکمل طور پر بجلی سے چلنے والے بلا اخراج بس فلیٹ کو متعارف کراونے، الیکٹرک بسوں کی خریداری یا اس کے بعد درکار ہونے والے اضافی انفراسٹرکچر۔ مثلًا آن سٹریٹ ای چارجرز اور بجلی گرڈز میں بہتریوں، کے لیے اضافی سرمایہ کاریاں شامل نہیں۔

الیکٹرک بسوں کو ان جگہوں پر متعارف کروایا جائے گا، کیونکہ نئی اضافی بسوں اور تبدیلی کے لیے بسوں کو برامپٹن کی 10 سالہ اقتصادی پیش گوئی اور منظور شدہ بجٹس، بشمول انویسٹ ان کینیڈا انفراسٹرکچر پروگرام (ICIP) اور دیگر فنڈنگ، کے تحت خریدا جاتا ہے۔

سٹی آف برامپٹن اور برامپٹن سٹی کونسل نئی سہولت گاہ کے لیے ڈیزائن اور فنڈنگ کے حوالے سے آگے بڑھنے کے لیے مل کر ایک ساتھ کام کر رہے ہیں۔ موجودہ مسافروں کی تعداد، پچھلے تین سالوں کے دوران آبادی میں تیزی سے اضافے اور مستقبل کی پیش گوئی شدہ بڑھوتری کی بنیاد پر، ٹرانزٹ کی یہ نئی سہولت گاہ برامپٹن کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

تیسری سہولت گاہ کے متعلق مزید جاننے کے لیے، رپورٹ تک رسائی کے لیے یہاں کلک کریں۔

**پس منظر - الیکٹرک بسوں کا پائلٹ پراجیکٹ 2021 میں برامپٹن کو آ رہا ہے**

سال 2019 کی جولائی میں میئر پیٹرک براؤن نے برامپٹن سٹی کونسل کی جانب سے برامپٹن میں تاریخی پین کینیڈین الیکٹرک بس ڈیمانسٹریشن اینڈ انٹیگریشن ٹرائل میں حکومت کینیڈا کی جانب سے بڑی سرمایہ کاری کو خوش آمدید کہا۔

محترمہ کیتھرین مک کینا، منسٹر آف انوائرنمنٹ اینڈ کلائمیٹ چینج، نے اس پائلٹ پراجیکٹ کے فیز 1 کے لیے فنڈنگ میں 11.15$ ملین کا اعلان کیا، جس میں برامپٹن میں بیٹری سے چلنے والی بسوں کی آزمائش ہو گی۔
یہ اپنے طرز کا انضمام کا پہلا عالمی پراجیکٹ برامپٹن ٹرانزٹ اور کینیڈین اربن ٹرانزٹ ریسرچ اینڈ انوویشن کنسورشیم ((CUTRIC، مکمل طور پر بجلی سے چلنے والی بسوں کے تیار کنندگان نیو فلائر انڈسٹریز اور نووا بس اور چارجنگ اسٹیشن کے تیار کنندگان ABB اور سائمنز کے ساتھ مسلسل تعاون کا نتیجہ ہے۔ اس بے مثال قدم نے برامپٹن میں الیکٹرک بسوں کے نفاذ کو ممکن بنانے کے لیے کئی حکومتی درجوں، بس اور چارجر کے تیار کنندگان، سسٹم انٹیگریٹرز، ماہرین علم اور فنڈنگ کے شراکت داروں کو اکٹھا کر دیا ہے۔

برامپٹن ٹرانزٹ ماحولیاتی استحکام میں ایک رہنما حیثیت رکھتا ہے، جو 125 ڈیزل- الیکٹرک ہائیبرڈ زوم بسوں کے فلیٹ کا حامل ہے، جو موجودہ طور پر اس کے پورے فلیٹ کا 28 فیصد بنتا ہے۔

**اقتباسات**

"برامپٹن قابل استحکام نقل و حمل کی سہولیات میں ایک رہنما حیثیت رکھتا ہے۔ ایک اچھی طرح مربوط قابل استحکام ٹرانزٹ نیٹ ورک کینیڈا کے انوویشن کوریڈور میں برامپٹن کے مقام کو بنانے کے لیے اہم ہے اور مجھے ایسی آگے کا سوچنے والی کونسل کا حصہ ہونے پر فخر ہے۔ یہ ٹھوس اقدامات ہمارے شہر کو ہمارے ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے اہداف کے قریب لے جاتے ہیں، کیونکہ زیر استعمال آنے والے ہر بیٹری سے چلنے والی الیکٹرک بس کے لیے، ہم ہر سال، فی بس $CO_2$ کے 235 ٹن اخراج کو روکیں گے۔ ہم بلا اخراج بسوں کو برامپٹن میں لانے اور اپنے رہائشیوں کو ایک بہترین ٹرانزٹ سسٹم کے ذریعے اپنی خدمات فراہم کرنے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ اپنی شراکت داری کو جاری رکھ رہے ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

*"اپنی نوعیت کی پہلی پوری طرح بجلی سے چلنے والی ٹرانزٹ کی سہولت گاہ کی تعمیر اور ایک مکمل طور پر بجلی سے چلنے والے بلا اخراج بس فلیٹ پر منتقلی کاربن کے اخراج کو کم کرنے اور ایک ماحول دوست شہر تعمیر کرنے کے کونسل کے وعدے کو آگے بڑھاتا ہے۔ یہ امپٹن میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 2050 تک 80 فیصد تک کم کرنے کے ہمارے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہو گا۔"*

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن ایک قابل استحکام اور توانائی بچانے والے ٹرانزٹ سسٹم کو تعمیر کرنے کے پر جدت اور عملی حل کو تلاش کرنے کے لیے پر عزم ہے۔ یہ کونسل کے لیے ایک ترجیح ہے اور ہم گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے، توانائی کی سیکورٹی کو یقینی بنانے، معاشی فوائد پیدا کرنے اور ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف برداشت پیدا کرنے کے طریقوں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca